کتاب ——— آئینۂ رضویات (دوم)

مصنّف ——— پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

مرتّبہ ——— محمد عبدالستّار طاہر

خوشنویس ——— محمد طارق رانا

تعداد ——— ایک ہزار

طباعت، اوّل ——— اگست ۱۹۹۳ء / صفر المظفر ۱۴۱۴ھ

ناشر ——— ادارۂ تحقیقاتِ امام احمد رضا، کراچی

قیمت ——— ۱۰۰/ روپے


## رابطہ

۱ ادارۂ تحقیقاتِ امام احمد رضا (رجسٹرڈ)

۲۵۔ جاپان مینشن۔ ریگل (رضا چوک)، صدر، کراچی (۷۴۴۰۰)

فون نمبر ۷۷۲۵۱۵۰-۰۲۱

۲۔ شہزاد پبلی کیشنز، ۲/۲۷ گل گشت کالونی، بوسن روڈ، ملتان

فون نمبر ۵۴۳۶۶۰

۳۔ مکتبۂ قادریہ، جامعہ نظامیہ رضویہ، اندرون لوہاری گیٹ، لاہور

Marfat.com

# مشمولات


| | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| حرفِ آغاز | صاحبزادہ سید وجاہت رسول قادری | ۷ |
| افتتاحیہ | محمد عبدالستار طاہر | ۱۳ |


## تعارف حضرت مسعودِ ملت


| | | |
|---|---|---|
| منقبت | پروفیسر فیاض احمد کاوش | ۱۸ |
| منقبت | غلام مصطفیٰ مجددی | ۱۹ |
| سپاسنامہ | علامہ محمد حنیف خاں رضوی | ۲۳ |
| پروفیسر صاحب کی شخصیت | پروفیسر سید حافظ مقصود علی | ۲۹ |
| مسعودِ ملت اور امام احمد رضا | مولانا عبدالنعیم عزیزی | ۳۷ |
| دورِ حاضر کی ایک نادر شخصیت | علامہ مفتی محمد مکرم احمد | ۸۷ |


## آئینہ رضویات

### سیرت :-


| | | |
|---|---|---|
| ذکرِ رضا | صاحبزادہ محمد نور المصطفیٰ | ۱۰۹ |
| تذکرہ مشائخ رضویہ | مولانا عبد المجتبیٰ رضوی | ۱۱۳ |
| مختصر سوانح امام اہلسنت | پروفیسر فیاض احمد کاوش | ۱۱۷ |


Marfat.com

| | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| امام احمد رضا - ایک ہمہ جہت شخصیت | مولانا کوثر نیازی | ۱۲۰ |
| امام احمد رضا اور ڈاکٹر سر ضیاء الدین | مولانا اقبال احمد قادری انصاری | ۱۳۵ |
| فاضل بریلوی کی علمی خدمات - ایک جائزہ | سید شاہد علی نورانی | ۱۳۹ |
| امام احمد رضا محدث بریلوی | پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد | ۱۴۹ |
| پردہ اٹھتا ہے | مولانا اقبال احمد قادری انصاری | ۱۶۳ |
| علامہ ظفر الدین رضوی | پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد | ۱۶۷ |
| تذکرۂ جمیل | علامہ محمد ابراہیم خوشتر صدیقی | ۱۷۳ |


## قرآنیات :-


| | | |
|---|---|---|
| کنز الایمان تفاسیر کی روشنی میں | مولانا محمد صدیق ہزاروی | ۱۹۷ |
| کنز الایمان ارباب علم و دانش کی نظر میں | محمد عبد الستار طاہر | ۲۰۵ |
| قرآن، سائنس اور امام احمد رضا | ڈاکٹر لیاقت علی خاں نیازی | ۲۰۹ |
| کنز الایمان مع تفسیر | مولانا محمد یاسین نقشبندی مجددی | ۲۱۵ |


## فقہیات :-


| | | |
|---|---|---|
| فتاویٰ رضویہ اور فتاویٰ رشیدیہ کا تقابلی جائزہ | علامہ مفتی محمد مکرم احمد | ۲۲۳ |
| مقدمہ حاشیہ جد الممتار علی الرد المحتار | علامہ محمد احمد مصباحی | ۲۳۵ |


## ادبیات :-


| | | |
|---|---|---|
| ثنائے مصطفےٰ در انداز امام احمد رضا | خواجہ اعجاز اشرف انجم نظامی | ۲۵۵ |
| تضمین سلام رضا | بشیر حسین ناظم | ۲۶۳ |
| امام احمد رضا کی نثر نگاری | مولانا عبد النعیم عزیزی | ۲۷۹ |


Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اظہارِ خیال

ہر لحظہ نیا طور نئی برق تجلّی
اللہ کرے مرحلۂ شوق نہ ہو طے

"آئینہ رضویات" موجودہ صدی کے عظیم عبقری، امام احمد رضا محدّث بریلوی علیہ الرحمہ کی شخصیّت اور کارناموں پر لکھے جانے والے مقالات و رسائل پر مسعودِ ملت، محترم پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب دامت برکاتہم عالیہ کے تحریر کردہ تقادیم و تقاریظ کا مجموعہ ہے۔ اِن میں سے اکثر مقدمات بجائے خود تحقیقی مقالہ کا درجہ رکھتے ہیں۔

اس سے قبل ادارہ تحقیقاتِ امام احمد رضا (کراچی) نے ۱۴۱۰ھ/۱۹۸۹ء میں امام احمد رضا کانفرنس کے موقع پر "آئینہ رضویات" کے نام سے مسعودِ ملّت کی تقادیم کا ایک مجموعہ شائع کیا تھا، جس میں مختلف موضوعات پر بائیس مقدمات و تقاریظ شامل تھیں۔ اس کی ترتیب و تدوین میں محبّی پروفیسر مجید اللہ قادری صاحب زیدمجدہٗ معتمد ادارہ کی بیش بہا کاوشیں شامل تھیں اور راقم کے مشوروں کو بھی پذیرائی حاصل تھی۔

ابتداء میں ارادہ تھا اس مجموعہ کو تاریخی تسلسل کے اعتبار سے مرتّب کیا جائے لیکن بعد میں یہ مناسب سمجھا گیا کہ موضوعات کی ترتیب زیادہ بہتر رہے گی، اس لئے کہ اس طرح امام احمد رضا محدّث بریلوی قدس اللہ سرہٗ العزیز کی عبقری شخصیّت

Marfat.com

کے خد وخال، ان کی علمی وجاہت اور بلند قامتی کا مطالعہ قارئینِ کرام کے لئے زیادہ آسان ہو جائیگا۔ لیکن پہلے مجموعہ کی اشاعت کے وقت ہمارے ذہن میں یہ خیال نہیں تھا کہ اس کے مزید حصّے شائع کئے جائیں گے۔ محبّ ومحترم فاضل نوجوان مولانا محمّد عبدالستّار طاہر منظری صاحب زید مجدہٗ نے امام احمد رضا انٹرنیشنل کانفرنس (۱۹۹۱ء) منعقدہ لاہور میں ہمیں یہ راہ دکھائی کہ آپ "آئینہ رضویات" کی کرنوں اور اس کی جلوہ سامانیوں کو محض ایک جلد میں محفوظ ومقیّد نہیں کر سکتے اس لئے کہ یہ جلوہ "عشقِ رسول" کی جھلک ہے، جس پر "ورفعنا لك ذكرك" کا سایہ ہے اور جس کے متعلق اعلیٰحضرت فرماتے ہیں " اور فزوں کرے خدا" اور ادھر "مسعودِ ملّت" فیض درجت کا یہ عالم کہ اُن کی زبان وقلم پر اُس عاشقِ رسول صلّی اللہ علیہ وسلّم کا کچھ ایسا فیضان ہے کہ ان کی ہر تحریر پڑھ کر دل سے یہ دُعا نکلتی ہے کہ ؎

اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ

چنانچہ یہ ذمہ داری بھی ہم نے اُنہی کے سپرد کی کہ آئینہ رضویات جلد دوم کی تدوین وترتیب کا کام سرانجام دیں، اِن شاء اللہ ادارہ اس کو اشاعت پذیر کرے گا۔

زیرِ نظر مجموعہ "آئینہ رضویاتِ حصّہ دوم" اسی وعدہ کی پاسداری ہے۔ اس کی کتابت، پروف ریڈنگ، تدوین وترتیب اور تزئین وآرائش تک کے تمام مراحل کی ذاتی نگہداشت، فاضل نوجوان محبّی مولانا محمّد عبدالستّار طاہر منظری سلمہٗ تعالیٰ نے خود فرمائی ہے۔

مجموعہ کی ضخامت اور عنوانات کی ترتیب وانتخاب کو دیکھتے ہوئے یہ بات بلاخوف تردید کہی جا سکتی ہے کہ مرتّب موصوف نے اس مجموعہ کی ترتیب وپیشکش

Marfat.com

میں نہایت جانفشانی، تندہی اور خلوص سے کام کیا ہے، نہ صرف یہ بلکہ زیرِ نظر مجموعہ کے لئے انہوں نے "افتتاحیہ" کے عنوان سے جو مضمون سپردِ قلم کیا ہے وہ اس قدر شُستہ، رواں، مضامین اور صاحبِ مضمون کی خصوصیات کا ایسا جامع تعارف ہے کہ اس افتتاحیہ کو "آئینہ رضویات" کا "آئینہ" کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ ادارہ فاضل مظہری صاحب کا شکر گزار ہی نہیں بلکہ احسان مند ہے کہ انہوں نے "رضویات" کے حوالے سے ایک تاریخی کام سرانجام دیا ہے۔ جزاہ اللہ احسن الجزاء بجاہِ سیّد المرسلین صلی اللہ علیہ وسلّم۔

ہمیں یقین ہے کہ وہ "آئینہ رضویات" کے اس سلسلہ کو جاری رکھیں گے اور ہر تین، چار سال کے بعد "آئینہ رضویات" کا ایک نیا حصّہ مرتّب کر کے ادارہ کو اس کی اشاعت وطباعت کا موقع عنایت فرمائیں گے۔ ان شاء اللہ! جہاں تک ماہر "رضویات"، "مسعودِ ملّت"، محترم المقام پروفیسر ڈاکٹر محمّد مسعود احمد صاحب دامت برکاتہم عالیہ کی شخصیّت کا تعلق ہے تو راقم سمجھتا ہے کہ اس بارے میں نوجوان قلمکار محترم محمد عبدالستّار طاہر مظہری صاحب کا تبصرہ اس قدر جامع ہے کہ اس پر ایک حرف کے اضافے کی گنجائش محسوس نہیں ہوتی۔ چنانچہ اپنے "افتتاحیہ" میں مسعودِ ملّت کی شخصیت پر روشنی ڈالتے ہوئے فرماتے ہیں :-

"آج اکنافِ عالم میں جہاں جہاں ذکرِ مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلّم ہو رہا ہے، وہاں اعلحضرت علیہ الرحمۃ کا نام بھی اسی نسبت سے پہچانا جا رہا ہے، بعینہٖ جہاں جہاں اعلحضرت علیہ الرحمۃ پر بات ہوتی ہے وہاں حضرت مسعودِ ملّت کا بھی تذکرہ ہوتا ہے۔ یہ ناممکن ہے کہ اعلحضرت علیہ الرحمۃ کا ذکر تو ہو اور حضرت مسعودِ ملّت کا ذکر نہ ہو ـــ جہاں پھول وہاں خوشبو ـــ یہ بات ہے ساری نسبت کی"

Marfat.com

جو صحیح معنوں میں اللہ رب العزت کی معرفت کا ذریعہ ہے اور جو کمالاتِ اولیاء سے بے بہرہ رہا اس نے یقیناً خدا کو بھی نہیں پہچانا۔

ہر کس کہ کمالِ اولیاء را نہ شناخت
ایں رحمتِ خاص بے بہا را نہ شناخت
پس شکر نہ گفت و حُبِّ ایشاں نہ گزید
میداں بہ یقین کہ او خدا را نہ شناخت

ادارہ ان تمام لوگوں کا بھی ممنون ہے جنہوں نے اس کتاب کی ترتیب و تدوین، کتابت و طباعت کے ہر مرحلہ پر صاحبِ تالیف اور ادارہ کی اعانت و رہنمائی فرمائی۔ ادارہ مسعودِ ملت کے حضور نذرانۂ امتنان و تشکر پیش کرتا ہے جن کی سرپرستی اور دستگیری کے بغیر اس مجموعہ کی اشاعت ممکن ہی نہ تھی

---

آخر میں احقر اپنی اور ادارہ کی طرف سے ایک بار پھر مجی مولانا محمد عبد الستار طاہر مظہری صاحب کی خدمت میں اظہارِ سپاس گزاری کرتا ہے اور ان کی دین و دنیا کی ترقی اور قلم کی جولانی کے لئے دعا گو ہے۔ وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد و آلہ و بارک وسلم

مورخہ ۱۰ ذی الحجہ ۱۴۱۳ھ / ۲ جون ۱۹۹۳ء

(سید وجاہت رسول قادری)
صدرِ ادارہ

Marfat.com

# اِفتتاحیہ

آئینہ رضویات کی جلد اوّل ۱۴۱۰ھ/۱۹۸۹ء میں ادارۂ تحقیقات امام احمد رضا، کراچی نے شائع کی تھی۔ اِس جلد کو صاحب زادہ سیّد وجاہت رسول قادری اور پروفیسر مجید اللہ قادری صاحب نے ترتیب دیا تھا۔ جبکہ جلدِ ثانی کی ترتیب الحمدللہ اس عاجز واحقر کے حصّہ میں آئی۔ للہ الحمد کہ ناچیز اس سعادت سے بہرہ مند ہوا ——

جلد اوّل میں مختلف موضوعات پر ۲۲ تقدیمات شامل تھیں جن میں حالات و افکار کے ذیل میں پانچ، شریعت و طریقت، فقاہت، ردِّ بدعات و منکرات، تلامذہ و خلفا اور تعظیم و توقیرِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلّم پر ایک ایک اور معقولات، سیاسیات و ادب کے حوالے سے دو دو اور تاثرات کے عنوانات کے تحت چھ تقدیمات تھیں —— زیرِ نظر مجموعہ میں کنز الایمان کے حوالے سے ۴، سیرت کے عنوان سے ۱۰، افتاء کے ذیل میں ۲، سخن کے باب میں ۳ اور تنقیدات کے حوالے سے ۳ کُل ۲۲ تقدیمات شامل ہیں —— اسطرح رضویات پر اب تک لکھی جانے والی تقدیمات کی تعداد ۴۴ تک پہنچتی ہے ——

اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ پر لکھتے ہوئے حضرت مسعودِ ملّت کو ۲۳ واں سال ہے۔ وہ ۱۹۷۰ء سے لکھ رہے ہیں۔ رضویات پر نگارشِ اوّل "فاضل بریلوی اور ترکِ موالات" (۱۹۷۰ء) سے "کنز الایمان کی چند جھلکیاں" (۱۹۹۲ء) کا طویل سفر اپنے جلو میں بہت سے مدّ و جزر لئے ہوئے ہے۔ اعلحضرت علیہ الرحمہ

Marfat.com

پر انہوں نے مختلف جہتوں سے لکھا ہے اور مختلف پہلوؤں پر طبع آزمائی کی ہے۔ یوں لگتا ہے جیسے حضرت مسعودِ ملّت اور رضویات ایک دوسرے کے لئے لازم وملزوم ہیں ـــــــ رضویّت کے حوالے سے کسی نگارش کا حُسن نکھرتا نہیں جب تک کہ حضرت مسعودِ ملّت کی تقدیم وتقریظ سے اُس کی آرائش وزیبائش نہ کی جائے۔ اس میں وہ اپنے مطالعے کا ماحصل پیش فرما دیتے ہیں اور پیشِ نظر مباحث میں رہ جانے والی کمی کو کما حقّہٗ پورا فرما دیتے ہیں، بلاشبہ

هُمْ قَوْمٌ لَا يَشْقىٰ جَلِيْسُهُمْ

یعنی یہ وہ حضرات ہیں جن کے پاس بیٹھنے والا بد بخت نہیں رہتا بلکہ اُن کی لمحہ بھر کی ہم نشینی کی برکت سے سعید اور نیک بخت بن جاتا ہے ـــــــ اعلٰحضرت علیہ الرحمہ سے حضرت مسعودِ ملّت کی اس نسبت کے پیشِ نظر عصرِ حاضر کے اکثر مصنّفین نے اپنی اپنی مصنّفات کو حضرت مسعودِ ملّت کی تقدیمات سے آراستہ کرنا باعثِ اعزاز جانا ہے، کسی عرب شاعر نے کہا ہے ؎

وَلَيْسَ عَلَى اللّٰهِ بِمُسْتَنْكَرٍ

اَنْ يَّجْمَعَ الْعَالَمَ فِيْ وَاحِدٍ (ابو الفراس)

" اللہ کے لئے یہ کچھ مشکل نہیں کہ دُنیا وجہاں کی خوبیاں فردِ واحد میں جمع فرما دے"

آج اکنافِ عالم میں جہاں جہاں ذکرِ مصطفٰے صلّی اللہ علیہ وسلّم ہو رہا ہے، وہاں اعلٰحضرت علیہ الرحمہ کا نام بھی اسی نسبت سے جانا پہچانا جاتا ہے، بعینہٖ جہاں جہاں اعلٰحضرت علیہ الرحمہ پر بات ہوتی ہے، وہاں حضرت مسعودِ ملّت کا بھی تذکرہ ہوتا ہے۔ یہ ناممکن ہے کہ اعلٰحضرت علیہ الرحمہ کا ذکر تو ہو اور حضرت مسعودِ ملّت کا ذکر نہ ہو، جہاں پھول وہاں خوشبو ـــــــ یہ بات ہے ساری نسبت کی۔ نسبت ہی نے حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ کو کہاں سے کہاں پہنچایا اور نسبت

Marfat.com

ہی نے حجرِ اسود کو آنکھ کا تارا بنایا ــــــ نسبت ایک عظیم حقیقت ہے ــــــ یہاں بھی معاملہ نسبت ہی کا ہے۔ نسبت نے وہ مقام بخشا ہے کہ حضرت مسعودِ ملّت سے تقدیم لکھوا کر اپنی نگارش کو پیش کرنا رسمِ محبت ٹھہری ــــــ خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو اس نسبتِ عالیہ سے بہرہ مند ہوئے!

حضرت شیخ عبدالحق محدّث دہلوی علیہ الرحمہ اخبار الاخیار (مطبوعہ کراچی، ص ۲۸/۲۹) میں لکھتے ہیں:-

"جب انسان اہلِ کمال کی صحبت اور عارفوں کے دیدارِ جمال سے بہرہ ور ہو جائے تو اُن بزرگوں کے حالات سے باخبر رہنا بھی باعثِ ہمت افزائی اور تاریکیوں کو ختم کرنے والا ہے ـــ اُن کے حالات سے واقف ہونے سے بھی وہی اثر ہوتا ہے جو اُن کی صحبت سے، کیونکہ درحقیقت یہ بھی اُن کی صحبت میں رہنے کے مترادف ہے۔ اس لئے کہ جمال کدورتِ انسانی اور صورتِ عنصری کے حجاب سے زیادہ صاف ستھرا ہے، اگر حسنِ عقیدت ہو تو ہر چیز مشاہدہ بن جاتی ہے، اسی وجہ سے ہر زمانے میں بزرگوں کے اخلاق و عادات کو ضبطِ تحریر میں لا کر محفوظ کر لیا جاتا ہے ــــــ اس سے طمانیت اور عبرت و نصیحت کے علاوہ اور بھی بے شمار فوائد حاصل ہوتے ہیں، جن میں سب سے پہلا یہ ہے کہ اولیائے کرام کا وجود ایک ہمہ گیر رحمت اور عام نعمت ہے اور بموجب حکم خداوندی،

وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ (اپنے رب کی نعمتوں کو بیان کر)

ان بزرگوں سے محبت رکھنا اور ان کے حالات بیان کرنا در اصل اس عظیم نعمت کا شکر بجا لانا ہے۔"

Marfat.com

ہر کس کہ کمالِ اولیاء را نہ شناخت
ایں نعمت خاص بے بہا را نہ شناخت
پس شکر نہ گفت و حبِّ ایشاں نہ گزید
میداں بہ یقیں کہ او خدا را نہ شناخت

یعنی جس نے اولیائے کرام کے کمالات کو نہیں پہچانا، اُس نے اس انمول خاص نعمت کی قدر و قیمت نہ جانی ——— اُس نے نہ تو شکر ادا کیا اور نہ اُن کی محبّت کو اپنایا، یقین رکھو اُس نے خُدا کو بھی نہیں پہچانا۔"

اس میں شک نہیں حضرات اہلِ اللہ کا ذکر دلوں کو قوّی کرتا ہے۔ قرآنِ کریم میں حضرات انبیاء علیہم السّلام کے واقعات بیان کرنے کی یہی حکمت بتائی کہ اس سے دِل قوّی ہوتے ہیں۔ آج امام احمد رضا کے ذکر و افکار نے مشرق و مغرب میں ملّتِ اسلامیہ کو وہ قوّت بخشی ہے جس کا صحیح اندازہ اہلِ بصیرت ہی کر سکتے ہیں۔ امام احمد رضا کی نسبت ایک عظیم نسبت ہے ——— حضرت مسعودِ ملّت اور اعلیٰحضرت علیہ الرحمہ کے مابین جو نسبت ہے اُس کا حال تو اہلِ بصیرت ہی خوب جانتے ہیں۔ البتہ اس کی توثیق جناب سیّد ریاست علی قادری صاحب علیہ الرحمہ (بانی و صدر ادارۂ تحقیقاتِ امام احمد رضا کراچی) کے ایک مکتوب سے یوں ہوتی ہے:-

" اعلیٰحضرت علیہ الرحمہ کی روحِ مقدّسہ آپ سے کس قدر خوش ہے اس کا اندازہ کوئی نہیں کر سکتا۔ کاش اسی خوشی کا کروڑواں حصّہ مجھے بھی مِل جائے تو میرے لئے بہت ہے ——— دُنیائے رضویّت پر آپ کی خدمات و احسانات کا بدلہ اگر

Marfat.com

# افتائے حرمین کا تازہ عطیہ

مؤلفہ: مولوی سید محمد عبدالرحمٰن قادری رضوی

امام احمد رضا ۱۹۰۷ء میں حج بیت اللہ شریف اور زیارتِ حرمین شریفین کے لئے حجازِ مقدس حاضر ہوئے۔ آپ کے مخالفین کچھ ہندوستانی علماء وہاں موجود تھے۔ انہوں نے علمِ غیب سے متعلق ایک استفسائ تیار کر کے والیٔ حجاز علی پاشا کے دربار میں پیش کیا اور علی پاشا نے مفتی حنفیہ شیخ صالح کمال کی وساطت سے امام احمد رضا سے اس کا جواب طلب کیا۔

امام احمد رضا نے صرف ساڑھے آٹھ گھنٹے میں عربی زبان میں ایک فاضلانہ مقالہ قلمبند کیا جس کا تاریخی نام "الدولۃ المکیۃ بالمادۃ الغیبیۃ" (۱۳۲۳ھ) رکھا — یہ جواب علی پاشا کے دربار میں پڑھا گیا اور اس کی بہت پذیرائی ہوئی، مخالفین نادم و شرمسار ہوئے۔ اس مقالے پر علماء حرمین شریفین نے تقاریظ قلمبند کیں اور اس کو بہت سراہا۔ مخالفین نے یہ قدر و منزلت دیکھ کر ہندوستان میں یہ مکروہ اور بے بنیاد پروپیگنڈہ کیا کہ خدانخواستہ حرمین شریفین میں امام احمد رضا ذلیل و رسوا ہوئے۔ اُس وقت تک نہ مقالہ شائع ہوا تھا اور نہ تقاریظ۔ چنانچہ ان افواہوں کا مُنہ بند کرنے کے لئے فوری طور پر مولانا سید عبدالرحمٰن قادری بیتھی نے مقالے اور تقاریظ کا خلاصہ تیار کیا اور اس کو چھپوا کر ۱۹ شعبان المعظم ۱۳۲۸ھ کو دارالعلوم منظرِ اسلام (بریلی شریف) کے جلسۂ تقسیم اسناد کے موقع پر شائع کیا۔ بعد میں اصل مقالہ اور تقاریظ بھی شائع کر دی گئیں۔

طاہر

Marfat.com

گنگوہی، مولوی خلیل احمد انبیٹھوی، مولوی اشرف علی تھانوی وغیرہ کی تحریروں پر گرفت کرتے ہوئے فتوے لگائے گئے تھے —— یہ بات مولوی خلیل احمد اور مولوی حسین احمد کے علم میں ہوگی اس لئے ان لوگوں نے امام احمد رضا کے مکہ معظمہ پہنچتے ہی اپنی مہم کا آغاز کردیا تاکہ حرمین شریفین میں امام احمد رضا کو نیچا دکھایا جائے مگر اللہ کو کچھ اور منظور تھا ——

مولوی خلیل احمد انبیٹھوی اور بعض دیگر حضرات نے شریف مکہ علی پاشا تک رسائی حاصل کی اور مسئلۂ علم غیب سے متعلق پانچ سوالات پیش کئے تاکہ مفتی حنفیہ شیخ صالح کمال کی وساطت سے امام احمد رضا سے اس کے جوابات حاصل کئے جائیں —— مخالفین کا خیال تھا کہ امام احمد رضا اللہ اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کے علم کو برابر سمجھتے ہیں اور جب وہ اس عقیدے کا اظہار حرمین شریفین میں کریں گے تو یقیناً اُن پر کفر کا فتویٰ لگے گا اور وہ عتابِ شاہی میں آجائیں گے —— مگر مخالفین کا یہ الزام سراسر بہتان تھا —— بہرحال شیخ صالح کمال نے ۲۵ ذی الحجہ ۱۳۲۳ھ / ۱۹۰۶ء کو کتب خانۂ حرم میں امام احمد رضا کی خدمت میں شریف مکہ علی پاشاہ کی طرف سے یہ استفتاء پیش کیا —— امام احمد رضا نے اُن سوالات کے جوابات لکھنے شروع کئے۔ اُن کے صاحبزادے علامہ محمد حامد رضا خاں مسودے کو صاف کرتے گئے۔ یہاں تک کہ ۲۶ ذی الحجہ ۱۳۲۳ھ / ۱۹۰۶ء کو جس تحریر کا آغاز ہوا تھا وہ ۲۷ ذی الحجہ ۱۳۲۳ھ / ۱۹۰۶ء کو ساڑھے آٹھ گھنٹوں میں دو نشستوں میں مکمل ہوگئی اور اس کا تاریخی نام

الدولۃ المکیہ بالمادۃ الغیبیہ (۱۳۲۳ھ / ۱۹۰۶ء)

رکھا گیا —— یہ تحریر جو ایک تحقیقی مقالے کی صورت اختیار کر چکی تھی، مفتی

Marfat.com

حنیفہ شیخ صالح کمال کی خدمت میں پیش کردی گئی تاکہ وہ والیٔ حجاز علی پاشاہ کی خدمت میں پیش کردیں — شیخ موصوف نے امام احمد رضا کا یہ مقالہ جو مسئلۂ علمِ غیب پر حرفِ آخر تھا، والیٔ حجاز کی خدمت میں پیش کردیا — حکم ہوا کہ برسرِ دربار پڑھا جائے، دربار بھرا ہوا ہے، اپنے و بیگانے سب بیٹھے ہیں، بیگانوں میں احمد فگیہ اور عبدالرحمٰن اسکوبی قابلِ ذکر ہیں جو بہت آگے آگے تھے — حسبِ ارشاد والیٔ حجاز، مفتی خلیفہ نے دربار میں امام احمد رضا کا مقالہ پڑھنا شروع کیا — احمد فگیہ اور عبدالرحمٰن اسکوبی نے بیچ بیچ میں خواہ مخواہ لقمے دینے شروع کئے — والیٔ حجاز نے ڈانٹ کر خاموش کردیا اور بڑی توجہ سے سارا دربار امام احمد رضا کا مقالہ سنتا رہا — آدھی رات تک یہ مقالہ پڑھا گیا اور امام احمد رضا پر لگائے گئے الزامات کی حقیقت کھل کر سامنے آگئی، مخالفین سرنگوں اور شرمسار ہوئے — والیٔ حجاز علی پاشاہ جب امام احمد رضا کا محققانہ مقالہ سن چکا اور حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم کے علوم و معارف کے جلوے دیکھ چکا تو دربار میں بے ساختہ بولا :-

اللہ معطی وھؤلاء یمنعون

" اللہ تو (اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو) علمِ غیب عطا فرماتا ہے اور یہ لوگ انکار کرتے ہیں! "

(الملفوظ، حصہ دوم، (۱۳۳۸ھ)، لاہور، ص ۲-۱۶)

الحمدللہ امام احمد رضا برسرِ دربار سرخرو ہوئے اور اُن کا نام روشن ہوگیا — دربار میں مایوس ہونے کے بعد مخالفین نے گورنر مکہ احمد راتب پاشا کے کان بھرے کہ ہندوستان سے ایک مولوی آیا ہے، مسلمانوں کے

Marfat.com

عقیدے خراب کر رہا ہے حتیٰ کہ شیخ محمد سعید بابصیل، شیخ صالح کمال، مولانا ابوالخیر میرداد وغیرہ اُس کے ہم نوا ہوگئے اور اُس کے کہنے میں آگئے۔ گورنر نے جب یہ سُنا کہ ایسے جلیل القدر علماء امام احمد رضا کے ہمنوا ہیں تو اُس نے مخالفین سے کہا :-

اذا کان ھٰؤلاء معہ فھو لیفسد ام یصلح ؟

" جب یہ حضرات اُس کے ہم نوا ہیں تو وہ مُفسد ہُوا یا مصلح ؟ "

(الملفوظ، حصہ دوم (۱۳۳۸ھ) لاہور - ص ۲-۱۶)

امام احمد رضا پر اڑائی گئی خاک جب صاف ہوگئی تو مولوی خلیل احمد انبیٹھوی کی بات سامنے آئی کہ انہوں نے براہین قاطعہ میں اللہ کے لئے جھوٹ ثابت کیا ہے (معاذ اللہ!) —— پہلے وہ امام احمد رضا کے پیچھے پڑے تھے اب خود مواخذہ کی زد میں آگئے —— وہی مُفتی حنیفہ شیخ صالح کمال جن کے ذریعہ مسئلہ علم غیب پر جواب طلب کیا گیا تھا اور امام احمد رضا سے باز پُرس کی گئی تھی، خُدا کی شان اب وہی مُفتی حنفیہ، مولوی خلیل احمد سے باز پُرس فرما رہے ہیں اور مولوی صاحب راہِ فرار اختیار کر رہے ہیں —— بات یہ ہوئی کہ جب مُفتی حنفیہ کو براہین قاطعہ کی عبارت کا پتہ چل گیا اور اُس پر حکم کُفر کا لگا چُکے تو مولوی خلیل احمد اُن کی خدمت میں صُلح و صفائی کے لئے حاضر ہوئے —— نام تو مُفتی صاحب نے سُنا تھا مگر صورت نہ دیکھی تھی، پہلی بار دیکھا —— اس ملاقات کی کیفیت خود شیخ صالح کمال نے محافظِ کتبِ حرم مکہ معظمہ شیخ سید اسمٰعیل آفندی کے نام ایک خط میں تحریر فرمائی ہے۔ اس خط کا اردو ترجمہ پیش کیا جاتا ہے۔ ملاحظہ فرمائیں :-

" ایک ہندی خلیل احمد نام ہم کو منانے آیا اس لئے کہ میں نے

سے حج کی سعادت حاصل کر کے کامیاب وکامراں مدینہ منوّرہ روانہ ہوئے ——
یہاں مولوی حسین احمد دیوبندی پہلے ہی موجود تھے اور اپنی سی کوشش میں لگے ہوئے تھے جس کی تفصیل شہاب ثاقب میں دی ہے —— مدینہ منوّرہ حاضری کے بعد امام احمد رضا نے حسام الحرمین اور الدولۃ المکیّہ پر مختلف علمائ سے تقاریظ لکھوائیں۔ اس سلسلے میں ایک عالم مفتی شافعیہ سیّد احمد بن سیّد اسماعیل برزنجی نابینا کی خدمت میں بھی حاضر ہوئے۔ چونکہ وہ خود پڑھ نہ سکتے تھے اس لئے امام احمد رضا نے الدولۃ المکیہّ خود پڑھ کر سنائی۔ مفتی صاحب نے بعض جگہ اعتراض وارد کئے مگر امام احمد رضا نے عالمانہ شان کے ساتھ جوابات دیئے، یہ انداز اُن کو پسند نہ آیا اور انہوں نے دل میں گرہ باندھ لی —— مجلس ختم ہوگئی، غالباً انہوں نے تقریظ نہیں لکھی، اُن کے علاوہ مدینہ منوّرہ کے بکثرت علماء نے تقاریظ تحریر فرمائیں جو شائع ہوچکی ہیں —— اس ملاقات کے بعد مفتی صاحب کے شاگرد شیخ عبدالقادر طرابلسی شیبی امام احمد رضا کے دولت کدہ پر آئے اور بعض مسائل میں اُلجھنا چاہا، علامہ محمّد حامد رضا خاں صاحب نے مسکت جوابات دیئے، یہ بھی اپنا سا منہ لے کر چلے گئے —— ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دونوں حضرات کو پہلے ہی مولوی حسین احمد اور اُن کے دوستوں نے امام احمد رضا سے بدگماں کر دیا تھا —— پھر ملاقاتوں میں اور تلخی ہوگئی ——
بعض مولویوں کی عادت ہوتی ہے کہ کسی مسئلے میں اُن کی خواہش کے خلاف دلائل سے اُن کو خاموش کر دیا جائے تو دل کی بھڑاس نکالنے کے لئے رسالہ ضرور لکھتے ہیں۔ مفتی صاحب نے بھی یہی کچھ کیا —— انہوں نے مسئلہ علمِ غیب پر ایک رسالہ لکھا جس کا عنوان تھا ——

"غایۃ المامول فی تتمۃ منہج الوصول فی تحقیق علمِ غیب الرسول"

Marfat.com

یہ رسالہ امام احمد رضا کے مخالفین نے ہاتھوں ہاتھ لیا اور امام احمد رضا کے خلاف مہم میں اس کو خوب استعمال کیا، امام احمد رضا کے خلاف نئی نئی الزام تراشیوں کی مہم چلا کر اپنوں اور بیگانوں سب کو بدظن کیا اور بار بار اس الزام کو دہرایا کہ امام احمد رضا اللہ اور رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کے علم کو (معاذ اللہ) برابر سمجھتے ہیں —— اس کے علاوہ غایۃ المامول میں مفتی شافعیہ شیخ سید احمد بن سید اسماعیل برزنجی نے بھی الدولۃ المکیہ کے حوالے سے امام احمد رضا سے غلط باتیں منسوب کر دی تھیں —— اس صورتحال نے امام احمد رضا کو متفکر کر دیا اور انہوں نے علماء حرمین سے اصل حقائق کی تصدیق چاہی، سب نے دل کھول کر امام احمد رضا کی حمایت و تائید کی اور غایۃ المامول میں لگائے گئے الزامات کی تغلیط و تکذیب کی ——

الزام تراشی کی ان فضاؤں میں جب کہ یہ مشہور کر دیا گیا تھا کہ علماء حرمین نے امام احمد رضا پر کفر کا فتویٰ لگا دیا ہے الدولۃ المکیہ کی تدوین کا اہتمام کیا گیا۔ چنانچہ اصل متن کے ساتھ اردو ترجمہ، تقاریظ اور ان کا اردو ترجمہ ایک کتابی شکل میں مرتب کر لیا گیا مگر اس کتاب کا اتنی جلدی چھپنا ممکن نہ تھا جبکہ مخالفین نے ایک طوفان کھڑا کر رکھا تھا۔ اس کے علاوہ دار العلوم منظر اسلام (بریلی) کا سالانہ جلسہ تقسیم اسناد بھی ۱۹ شعبان المعظم ۱۳۲۸ھ کو ہونے والا تھا۔ چنانچہ وقت کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے مولانا سید عبد الرحمن قادری رضوی میٹھوی نے الدولۃ المکیہ کے ایک حصے (جو مسئلہ علم غیب سے متعلق ہے) کا خلاصہ تیار کیا اور اسی کے ساتھ بعض تقاریظ کا خلاصہ بھی شامل کیا اور کتاب کا نام یہ تجویز کیا

افتائے حرمین کا تازہ عطیہ

۱۳۲۸ھ

Marfat.com

یہ خلاصہ ۹ شعبان المعظم ۱۳۲۸ھ / ۱۹۱۰ء کو تیار ہوا اور ۱۹ شعبان المعظم ۱۳۲۸ھ کو چھپ کر جلسۂ تقسیم اسناد میں تقسیم ہوا ـــــ اس خلاصے کی اشاعت کے مقاصد بقول مؤلف یہ تھے:۔

- ـــــ مذہبِ حق کی توضیح
- ـــــ غایۃ المامول کی اغلاط کی تغییر و تصحیح
- ـــــ افتراءاتِ وہابیہ کی تذلیل و تفضیح

مقالہ الدولۃ المکیّۃ میں دو حصّے تھے۔ پہلے حصّے میں مذہبِ حق کا بیان اور دوسرے حصّے میں مخالفین کا ردّ ـــــ لیکن پیشِ نظر خلاصہ میں صرف پہلے حصّے کا خلاصہ شامل کیا گیا جس میں مندرجہ ذیل چھ فصلیں ہیں:

فصل اوّل ـــــ مسلمانوں کا ایمان پورے قرآن پر ہے

فصل دوم ـــــ مجموعِ علوم، جُملہ مخلوقات کی علمِ الٰہی سے مساوات کا خطرہ بھی کسی مُسلمان کے دِل میں نہیں گزرتا

فصل سوم ـــــ بندوں کو صرف علمِ غیب عطائی ہے

فصل چہارم ـــــ مخالفین کا مکر کہ حضورِ انور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے لئے "بعض علمِ غیب" ماننے میں اہلِ سنّت اور ہم برابر ہیں۔

فصل پنجم ـــــ مخالفین اور اہلِ سنّت کہ "بعض علم غیب" میں فرق

فصل ششم ـــــ غیوبِ خمسہ خدا کے بتائے بغیر معلوم نہیں ہو سکتے۔

اصل مقالہ الدولۃ المکیّۃ بالمادۃ الغیبیہ مع تقاریظ اور اُردو ترجمہ بعد میں شائع ہوا ـــــ یہ پاک و ہند سے متعدد بار شائع ہو چکا ہے۔ ترکی سے بھی شائع ہوا ہے۔ راقم نے اپنی تالیف "فاضل بریلوی علمائے حجاز کی نظر

Marfat.com

ہیں (لاہور ۱۹۷۴ء) کے ایک باب میں اس مقالہ کا تفصیلی ذکر کیا ہے اور تقاریظ کے اقتباسات بھی دیئے ہیں۔ اس مقالہ کے پاک و ہند سے کئی ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ دوسری تالیف امام احمد رضا اور عالمِ اسلام (کراچی ۱۹۸۲ء) میں الدولۃ المکیۃ کی غیر مطبوعہ تقاریظ کے عکس مع اردو خلاصہ پیش کیا ہے۔ الدولۃ المکیۃ پر لندن یونیورسٹی کے شعبہ ابلاغیات کے صدر ڈاکٹر محمد حنیف اختر فاطمی نے انگریزی میں ایک مقالہ "اسلام کا تصوّرِ علم" قلمبند کیا ہے۔ جو رضا اکیڈمی، اسٹاک پورٹ (انگلستان) نے عرصہ ہوا شائع کر دیا ہے ——

المختصر مقالہ الدولۃ المکیۃ، امام احمد رضا کا ایک یادگار محققانہ رسالہ ہے جس پر عرب و عجم کے بے شمار علماء نے تقاریظ لکھیں اور امام احمد رضا کے علم و فضل کا کھلے دل سے اعتراف کیا۔ حتیٰ کہ ان کو چودہویں صدی ہجری کا مجدّد برحق تسلیم کیا ——

پیشِ نظر خلاصہ اسی کا عکسِ جمیل ہے، مطالعہ کریں اور اپنے فکر و خیال کو سنواریں —— مولیٰ تعالیٰ پیرزادہ علامہ اقبال احمد فاروقی زید لطفہ کو اور ان کے جملہ معاونین کو جزائے خیر عطا فرمائے کہ وہ ایک نادر و نایاب رسالہ کو ایک مدّت گزر جانے کے بعد پھر منظرِ عام پر لا رہے ہیں۔ امام احمد رضا کے افکار و نظریات کے جلوے دکھا رہے ہیں اور علماء حرمین شریفین کے دل میں اُن کی قدر و منزلت، کی جھلک دکھا کر سکّے بٹھا رہے ہیں —— آمین!

احقر

**محمد مسعود احمد**

پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج اینڈ پوسٹ گریجویٹ اسٹڈیز سنٹر۔ سکھر (سندھ)

۲۸ رجب المرجب ۱۴۱۲ھ

۳ فروری ۱۹۹۲ء

Marfat.com

# دیوبند سے بریلی تک

## مؤلفہ: علامہ کوکب نورانی

" آپ اہلِ سُنّت وجماعت کے معروف اور مشہور عالمِ دین حضرت علامہ محمدؐ شفیع اوکاڑی علیہ الرحمہ کے فرزندِ ارجمند ہیں ـــــ عالم و فاضل ہیں، تحریر و تقریر کا بڑا صاف سُتھرا ذوق رکھتے ہیں ـــــ مسلکِ اہلِ سُنّت وجماعت کے لئے آپ کی خدمت لائقِ ستائش ہیں ـــــ متعدد ممالک میں آپ نے تبلیغی دورے کئے ہیں۔ وہ کئی کتابوں کے مصنّف بھی ہیں ـــــ زیرِ تقدیم کتاب "دیو بند سے بریلی تک" میں آپ نے مسلک امام احمد رضا خاں بریلوی کی حقانیت کو اُجاگر کیا ہے اور مخالفین کے رازہائے درونِ خانہ سے پردہ اُٹھایا ہے ـــــ یہ کتاب تقدیم کے ساتھ ۱۹۹۳ء میں لاہور سے شائع ہوگئی ہے۔"

**طاہر**

Marfat.com

| مقام اشاعت | تاریخ تصنیف/ اشاعت | عنوان | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| لاہور | ۱۹۷۶ء | رضا بریلوی برائے شاہکار اسلامی انسائیکلو پیڈیا | ۲۸۔ |
| پیرس (فرانس) | ۱۹۸۲ء | احمد رضا بریلوی برائے انسائیکلوپیڈیا آف اسلام (سپلیمنٹ والیوم) | ۲۹۔ |
| تہران (ایران) | مئی ۱۹۹۰ء | احمد رضا خاں بریلوی برائے انسائیکلوپیڈیا اسلامیکا فاؤنڈیشن | ۳۰۔ |
| عمان اُردن | مئی ۱۹۹۰ء | احمد رضا بریلوی برائے مجمع الملکی لبحوث الحضارة الاسلامیہ | ۳۱۔ |

## ۵۔ تصانیف و مقالات کے تراجم

| سنہ تالیف/ مقام تالیف | زبان | مترجم | عنوان | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|
| ۱۹۸۷ء، کراچی | سندھی | مولانا محمد عبدالرسول گسی بلوچ قادری | اُجالا | ۳۲۔ |
| ۱۹۸۷ء، کراچی، انگلستان | انگریزی | ایم خطاب | اُجالا | ۳۳۔ |
| ۱۹۸۸ء کراچی | " | پروفیسر عبدالقادر | اُجالا | ۳۴۔ |
| اکتوبر ۱۹۹۱ء افکار حق اکیڈمی پورینہ بہار | ہندی | | اُجالا | ۳۵۔ |
| ۱۹۸۷ء، کراچی | سندھی | مولانا محمد عبدالرسول گسی بلوچ قادری | حیات امام اہلسنت | ۳۶۔ |
| پاکستان، ہندوستان، افریقہ | انگریزی | پروفیسر نگار عرفانی چشتی صابری | رہبر و رہنما | ۳۷۔ |
| ۱۹۸۸ء کراچی | " | پروفیسر عبدالقادر | رہبر و رہنما | ۳۸۔ |

Marfat.com

| سنہ تالیف/ مقام اشاعت | نام ادارہ | عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| ستمبر ۱۹۸۰ء کراچی | معارفِ رضا | جدید و قدیم سائنسی افکار و نظریات اور امام احمد رضا | ۶۸ |
| ۱۹۸۰ لاہور | | حیاۃ مبارکہ احمد رضا خاں "مشمولہ ۱۴ ادیں صدی کے مجدد" | ۶۹ |
| ۳ر جنوری ۱۹۸۱ء | روزنامہ امن | امام احمد رضا کی فصاحت و بلاغت اور علمائے حرمین میں آپ کی مقبولیت | ۷۰ |
| فروری ۱۹۸۱ء | ماہنامہ دورِ جدید | اعلیٰحضرت مولانا احمد رضا خاں بریلوی | ۷۱ |
| مارچ ۱۹۸۱ء مبارکپور | ماہنامہ اشرفیہ | عاشقِ رسول | ۷۲ |
| ۷، ۱۳ مارچ ۱۹۸۱ء بہاولپور | ہفت روزہ الہام | نظریہ حرکتِ زمین اور اعلیٰحضرت | ۷۳ |
| ستمبر ۱۹۸۲ء کراچی | معارف رضا | عالمی جامعات اور امام احمد رضا | ۷۴ |
| ۸۳ - ۸۲ ۱۹ء دہلی | ماہنامہ قومی آواز | حیاۃ مبارکہ اعلیٰحضرت | ۷۵ |
| جنوری ۱۹۸۳ء لاہور | ماہنامہ ضیائے حرم | اعلیٰحضرت اور زبان عربی | ۷۶ |
| فروری ۱۹۸۳ء سیالکوٹ | ماہنامہ صبح نور | اعلیٰحضرت امام احمد رضا خاں | ۷۷ |
| جمعہ ایڈیشن ۱۹۸۴ء بمبئی | روزنامہ انقلاب | مولانا احمد رضا خاں بریلوی | ۷۸ |
| ۱۹۸۴ء، کراچی | | حیاۃ امام احمد رضا مشمولہ "امام احمد رضا کی حاشیہ نگاری" | ۷۹ |
| اکتوبر ۱۹۸۴ء تا مئی ۱۹۸۵ء | ماہنامہ سنّی دنیا، بریلی | اُجالا | ۸۰ |
| ستمبر ۱۹۸۵ء کراچی | معارف رضا | امام احمد رضا اہلِ علم و دانش کی نظر میں | ۸۱ |

Marfat.com

| سنہ تالیف/مقام اشاعت | نام ادارہ | عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| ۱۹۸۸ء لاہور | | حیات امام احمد رضا ماہ وسال کے آیئنے میں مشمولہ "مشعلۃ الارشاد" | ۹۸- |
| ۱۹۸۸ء ڈربن (جنوبی افریقہ) | | ماہ وسال مشمولہ "پاک وہند میں تحریک احیائے اسلام | ۹۹- |
| اپریل ۱۹۸۹ء دہلی | ماہنامہ قاری (امام احمد رضا نمبر) | امام احمد رضا، علمائے حرمین اور علمائے دیوبند | ۱۰۰- |
| ستمبر ۱۹۸۹ء کراچی | معارفِ رضا | امام احمد رضا اور مولانا عبدالباری فرنگی محل' | ۱۰۱- |
| ستمبر اکتوبر ۱۹۸۹ء گجرات | ماہنامہ زجاج | مولانا احمد رضا خاں بریلوی کے اصلاحی کارنامے | ۱۰۲- |
| ستمبر اکتوبر ۱۹۸۹ء نئی دہلی | ماہنامہ حجاز جدید | امام احمد رضا اور تجدید واصلاح | ۱۰۳- |
| ستمبر ۱۹۹۰ء سیالکوٹ | ماہنامہ ماہ طیبہ | امام احمد رضا خاں بریلوی' | ۱۰۴- |
| مئی جون ۱۹۹۱ء دہلی | ماہنامہ حجاز جدید | امام احمد رضا اور عالمی جامعات | ۱۰۵- |
| جون ۱۹۹۱ء پٹنہ (بہار) | ماہنامہ نورِ مصطفےٰ | امام احمد رضا اور بدعات کا خاتمہ | ۱۰۶- |
| ستمبر ۱۹۹۱ء کراچی | مجلّہ رضا کانفرنس | امام احمد رضا کی نعتیہ شاعری کا تحقیقی جائزہ | ۱۰۷- |
| ستمبر ۱۹۹۱ء لاہور | ماہنامہ نوائے انجمن | امام احمد رضا بریلوی | ۱۰۸- |
| نومبر ۱۹۹۱ء لاہور | ماہنامہ حجاز جدید | امام احمد رضا کے ماہ وسال | ۱۰۹- |
| مئی جون ۱۹۹۱ء دہلی۔ | ماہنامہ حجاز دہلی | امام احمد رضا اور عالمی جامعات | ۱۱۰- |
| ستمبر تا نومبر ۱۹۹۰ء | ماہنامہ اعلحضرت بریلی شریف | گناہ بے گناہی | ۱۱۱- |

Marfat.com

## ۱۱۔ پیغامات

| مقام تالیف | سن تالیف | مؤلف | عنوان | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|
| لاہور | ۱۹۷۲ء | حاجی مقبول احمد قادری | برائے یوم رضا مرکزی مجلس رضا لاہور مشمولہ "پیغامات یوم رضا" | ۱۶۷۔ |
| کراچی | ۲۹ مارچ ۱۹۷۸ء | منعقدہ خالقدینا ہال | برائے مجلس مذاکرہ "فاضل بریلوی اور تخلیق نظریۂ پاکستان" | ۱۶۸۔ |
| مانچسٹر (انگلستان) | فروری ۱۹۸۵ء | | برائے ماہنامہ مجلس رضا | ۱۶۹۔ |

## ۱۲۔ زیر نگرانی لکھے جانے والے مقالات

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| کراچی | ۱۹۸۴ء | سید مظہر قیوم بی ایس سی | یادگار حسنین | ۱۷۰۔ |
| کراچی | ۱۹۸۸ء | پروفیسر مجید اللہ قادری | کنز الایمان اور دیگر اردو تراجم | ۱۷۱۔ |
| کراچی | ۱۹۸۹ء | پروفیسر مجید اللہ قادری، سید وجاہت رسول قادری | آئینۂ رضویات جلد اول | ۱۷۲۔ |
| لاہور | ۱۹۸۸ء | محمد عبد الستار طاہر (غیر مطبوعہ) | کنز الایمان ارباب علم و دانش کی نظر میں | ۱۷۳۔ |
| کراچی | ۱۹۹۰ء | پروفیسر اسحاق مدنی | فتاویٰ رضویہ کی سیاسی اہمیت | ۱۷۴۔ |
| کراچی | ۱۹۹۰ء | محمد اقبال احمد انصاری | امام احمد رضا وادیٔ مہران میں | ۱۷۵۔ |

Marfat.com

